استدراک

نفائس المآثر

۹۷۳ھ

برہان۔ اکتوبر ۱۹۷۲ء جلد ۱۷، شمارہ ۴ میں "مولانا آزاد لائبریری" کے عنوان کے تحت صـ۲۸۲ (۶۶) پر نفائس المآثر کے ضمن میں دو فروگذاشتیں قابلِ توجہ ہیں۔

(۱)۔ مصنف کے نام کے ساتھ "نامی" چھپ گیا ہے جو دراصل "کامی" ہے یہ میر علاؤالدولہ کا تخلص ہے۔

(۲)۔ "اس تذکرے کے کسی اور نسخہ کا بھی علم نہیں" اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی مکمل نسخے کا علم نہیں۔ آٹھ کتابخانوں میں غیر مکمل نسخے پائے جاتے ہیں۔ رامپور، برطانیہ، ازبکستان، ادھر، لاہور، لکھنؤ، راس اور رہاتسک۔ (تذکرہ نویسی فارسی در ہند و پاکستان صـ۱۰۸)

نفائس المآثر۔ تاریخی نام ہے۔ یہ شروع تصنیف کی تاریخ ہے۔ خاتمہ ۹۷۹ھ (۹۷۳ھ) پر ہوا ہے۔ تاریخی حصہ ۹۸۲ھ میں ختم ہوا ہے مگر نسخے میں ۹۹۸ھ تک کے حالات ملتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مصنف نے جابجا اہم واقعات کا اضافہ بعد میں کیا ہے۔

نسخہ مولانا آزاد لائبریری

بخط نسخ خوشخط، اوراق ۲۷۴ + ۶ = ۲۸۰، سطر ۱۹، ۲۱، سائز ۹×۷

مکتوبہ ۱۰۸۵ھ شروع میں ۶، اوراق پر فہرستِ شعراء ہے۔ ابتدائے کتاب میں دیباچہ ہے جو ۱۱، اوراق پر حمد و نعت، سببِ تالیفِ کتاب ابحاثِ متعلقہ شعر اور تعریف اکبر بادشاہ پر مشتمل ہے۔ ۲۱۳ اوراق پر ۴۸۱ شعرائے فارسی (از اوحدی تا یوسفی) کا تذکرہ اور ۵۰، اوراق پر تین شاہانِ مغلیہ (بابر و ہمایوں و اکبر) کے حالات ہیں۔

مصنّفِ کتاب

میر علاؤ الدولہ کامی قزوینی موجود ۱۰۰۴ھ، قزوین کے اہلِ علم خاندان سے تعلق رکھتا ہے اس کے والد میر یحییٰ بن عبداللطیف الحسینی بڑے مورّخ و صاحبِ تصانیف تھے۔ ہمایوں بادشاہ نے ان کی ذہانت وطبّاعی کی تعریف کی ہے۔ مصنّف کے دونوں بھائی میر عبداللطیف اور قاضی صفی الدین عیسٰی بھی ممتاز اہلِ علم سے تھے۔ اور بھائی کی طرح یہ دونوں بھی قزوین سے آکر دربارِ اکبری سے متعلق رہے۔ مصنّف کا بھتیجا غیاث الدین علی احمد عرف نقیب خاں بن میر عبداللطیف بھی اکبر شاہ کے ندیموں میں تھا۔ اس نے ابوالفیض فیضی متوفی ۱۰۰۴ھ کی طرح مہابھارت کا فارسی میں ترجمہ کیا جس کا قابلِ قدر نسخہ مکتوبہ ۱۱۱۲ھ مولانا آزاد لائبریری میں موجود ہے۔

محمد عبدالشاہد خاں شروانی۔ اسسٹنٹ لائبریرین شعبۂ مخطوطات) مولانا آزاد لائبریری

پندرہ روزہ تعمیرِ حیات لکھنؤ

تعمیرِ حیات :۔ شعبۂ تعمیر و ترقی دارالعلوم ندوۃ العلماء کے زیرِ اہتمام شائع ہوتا ہے۔
تعمیرِ حیات :۔ ہر پڑھنے والے کو اسلام کی صحیح تعلیمات سے روشناس کرتا ہے۔
تعمیرِ حیات :۔ اہلِ دل کے ایمان افروز حالات و ملفوظات پیش کرتا ہے۔
تعمیرِ حیات :۔ جذبۂ ایمانی اور اسلام کی داعیانہ خصوصیات بخشتا ہے
تعمیرِ حیات :۔ مسلمان ملکوں کے حالات و واقعات سے باخبر رکھتا ہے۔

مستقل عنوانات پر ایک نظر

• قرآن کا پیام • کلامِ خیر الانام • ایسی چنگاری بھی یارب اپنے خاکستر میں تھی • کتب خانے کی سیر • تھوڑی دیر اہلِ حق کے ساتھ • مطلع اسلام • دارالعلوم (حالات و واقعات) • نعت و نظم — آسان زبان، دلکش بیان، مفید معلومات، دیدہ زیب باتصویر سرورق!

خط و کتابت کا پتہ :— منیجر تعمیرِ حیات، دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ۔